اُردو (لازمی)　　دوسرا گروپ　　(1st A 423) انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، کلاس 12th　　پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے　　انشائی　　مارکس: 80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

سراپا مَعصیت میں ہوں ، سراپا مغفرت وہ ہے ...... خطا کوشی روش میری ، خطا پوشی ہے کام اس کا

مری افتادگی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی ...... کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

خبر ملی ہے خدایانِ بحر و بر سے مجھے ...... فرنگ رہ گزرِ سیلِ بے پناہ میں ہے

تلاش اس کی فضاؤں میں کر نصیب اپنا ...... جہانِ تازہ مِری آہِ صبح گاہ میں ہے

مِرے کدو کو غنیمت سمجھ کہ بادۂ ناب ...... نہ مدرسے میں ہے باقی نہ خانقاہ میں ہے

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) ان کا ایک اور کارنامہ جو نہایت قابلِ قدر ہے، سلاطین بنی اُمیّہ کی ناجائز کارروائیوں کا مٹانا تھا۔ سلاطین بنی امیّہ نے ملک کا بڑا حصہ، جو زمینداری کی حیثیت سے رعایا کے قبضہ میں تھا، اپنے خاندان کے ممبروں کو جاگیر میں دے دیا تھا۔ جس طرح سلاطینِ تیموریہ کے زمانے میں بڑے بڑے صوبے شہزادوں کی جاگیر میں دے دیے جاتے تھے۔ عمر بن عبدالعزیزؒ تختِ خلافت پر بیٹھے تو سب سے پہلے ان کو اِس کا خیال ہوا، لیکن ایسا کرنا تمام خاندانِ خلافت کو دشمن بنا لینا تھا۔ تاہم انھوں نے اس کی کچھ پروانہ کی۔

(ب) تاحدِ نظر سبزہ، یوں احساس ہُوا کہ جزیرے اوواہو میں کُہنہ مشق کائنات نئے سرے سے شباب پر آئی ہے۔ اس کے تھے مُنے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ ہرانگ پایا جاتا ہے۔ سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔ یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔ دوپہر کے وقت اس نیلم کی بھڑک آنکھیں خیرہ کر دیتی ہے۔ میں نے وِجدانی حُسن میں اس طرح ڈُوبے ہوئے ساحل بہت کم دیکھے ہیں۔ یہاں کے کوہساروں نے اس جزیرے کے گول چہرے کو ایک نیا زاویہ بخشا ہے۔ یہ کہیں سنگلاخ ہیں اور کہیں اتنے سبز کہ ازلی برساتوں کا رَین بسیرا معلوم ہوتے ہیں۔

(ورق اُلٹیے)



4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) دستک　(ii) ایوب عباسی

5 - سید ضمیر جعفری کی نظم " آدمی " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) اُستاد کا احترام　(ii) محنت کی عظمت　(iii) کورونا وائرس اور ہماری ذمہ داریاں

7 - کسی اخبار کے ایڈیٹر کے نام خط لکھ کر بڑھتے ہوئے ٹریفک حادثات پر تشویش کا اظہار کیجیے۔ (10)